20واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز بدھ 15 جنوری 2025

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر

# ٹوبہ ٹیک سنگھ: ہاکی، فٹ بال، کرکٹ کے لیے سٹیڈیمز اور جمز سے متعلق تفصیلات

***819: جناب امجد علی جاوید:** کیا وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہاکی، فٹ بال، کرکٹ اور جنرل کتنے سٹیڈیم اور جمنیزیم ہیں تفصیلات فراہم کی جائیں؟

(ب) ان سٹیڈیم اور جمنیزیم کو بنانے کے لیے کتنی لاگت آئی تھی کیا ان سٹیڈیمز اور جمز کو قابل استعمال حالت میں رکھنے کے لیے اور مرمت وتزئین کے لیے ہر سال کوئی فنڈز فراہم کئے جاتے ہیں تو گزشتہ پانچ سال میں اس مد میں سالانہ کتنے فنڈز فراہم کیے گئے ہیں تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(ج) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں قائم ان سٹیڈیمز اور جمز کا ماہانہ بجلی کا بل کتنا ہے اور ہر ماہ اس مد میں محکمہ کی طرف سے کتنی رقم فراہم کی گئی گزشتہ سال کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(تاریخ وصولی 14 مئی 2024 تاریخ ترسیل 27 جون 2024)

## جواب

### وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ہاکی، فٹ بال کرکٹ اور دوسرے سٹیڈیم اور جیمنیزیم کی تفصیل درج ذیل ہے:-

| نمبر شمار | نام |
|---|---|
| 1 | سپورٹس جمنیزیم جھنگ روڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ |
| 2 | سپورٹس جمنیزیم جھنگ روڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ |
| 3 | ای لائبریری جھنگ روڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ |
| 4 | فٹبال سٹیڈیم جھنگ روڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ |
| 5 | آسٹر وٹرف ہاکی سٹیڈیم ہاؤسنگ کالونی ٹوبہ ٹیک سنگھ |
| 6 | سپورٹس گراؤنڈ چک نمبر 335 گ ب |
| 7 | سپورٹس گراؤنڈ چک نمبر 345 گ ب |
| 8 | سپورٹس گراؤنڈ چک نمبر 341 گ ب |
| 9 | سپورٹس گراؤنڈ چک نمبر 343 گ ب |
| 10 | آسٹر وٹرف ہاکی سٹیڈیم جھنگ روڈ گوجرہ |
| 11 | پلییئرز ہاسٹل جھنگ روڈ گوجرہ |
| 12 | فٹبال سٹیڈیم کمالیہ روڈ پیر محل |
| 13 | آسٹر وٹرف ہاکی سٹیڈیم رجانہ روڈ پیر محل |

(ب) ان سٹیڈیم اور جیمنیزیم کو بنانے میں درج ذیل لاگت آئی تھی:-

| نمبر شمار | نام | تعمیری لاگت (رقم ملین میں) | حالیہ پانچ سال میں مرمت و تزین کے لیے فراہم کردہ |
|---|---|---|---|
| 1 | سپورٹس جمنیزیم جھنگ روڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ | 24.000 | Nil |
| 2 | سپورٹس جمنیزیم جھنگ روڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ | 98.525 | Nil |
| 3 | ای لائبریری جھنگ روڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ | 48.878 | Nil |
| 4 | فٹبال سٹیڈیم جھنگ روڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ | 68.268 | Nil |
| 5 | آسٹروٹرف ہاکی سٹیڈیم ہاؤسنگ کالونی ٹوبہ ٹیک سنگھ | 72.500 | Nil |
| 6 | سپورٹس گراؤنڈ چک نمبر 335 گ ب | 6.515 | Nil |
| 7 | سپورٹس گراؤنڈ چک نمبر 345 گ ب | 8.819 | Nil |
| 8 | سپورٹس گراؤنڈ چک نمبر 341 گ ب | 26.459 | Nil |
| 9 | سپورٹس گراؤنڈ چک نمبر 343 گ ب | | Nil |
| 10 | آسٹروٹرف ہاکی سٹیڈیم جھنگ روڈ گوجرہ | 164.000 | Nil |
| 11 | پلیئرز ہاسٹل جھنگ روڈ گوجرہ | 114.762 | Nil |
| 12 | فٹبال سٹیڈیم کمالیہ روڈ پیر محل | 74.750 | Nil |
| 13 | آسٹروٹرف ہاکی سٹیڈیم رجانہ روڈ پیر محل | 72.507 | Nil |

(ج) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کی سپورٹس سہولیات کا ماہانہ بل فکس نہیں ہے۔ بجلی کی مد میں محکمہ کی طرف سے سہ ماہی بجٹ گورنمنٹ کے بجٹ ہیڈ A03303-Electricity میں فراہم کیا جاتا ہے۔ گزشتہ سال میں محکمہ کی طرف سے اس مد میں مبلغ -/ 1,432,153 روپے فراہم کئے گئے۔

(تاریخ وصولی جواب 5 ستمبر 2024)

## ٹوبہ ٹیک سنگھ: ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی میں افراد کی تعداد اور فارمیشن میں تبدیلی سے متعلق تفصیلات

***820: جناب امجد علی جاوید:** کیا وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ہر ضلع میں ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی قائم کی جاتی ہے۔

(ب) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی کن افراد پر مشتمل ہے اور یہ کب سے ان عہدوں پر فائز ہیں۔

(ج) کیا محکمہ وقت اور حالات کی ضروریات کے تحت اس کمیٹی کی فارمیشن میں تبدیلی اور اس کے ارکان میں اضافے کا ارادہ رکھتا ہے تو کب تک اگر نہیں تو اس کی وجوہات سے آگاہ فرمایا جائے۔

(تاریخ وصولی 14 مئی 2024 تاریخ ترسیل 27 جون 2024)

# جواب

## وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر

(الف) یہ درست ہے۔

(ب) ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ مندرجہ ذیل افراد پر مشتمل ہے اور یہ افراد مورخہ 17 دسمبر 2020 سے ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ کے نوٹیفکیشن نمبر 5074 ڈی سی ایچ سی جی مورخہ 17 دسمبر 2020 کے تحت ان عہدوں پر فائز ہیں (ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ کے نوٹیفکیشن کی کاپی (فلیگ "A" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

| نمبر شمار | نام | عہدہ |
|---|---|---|
| 1 | ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ | چیئرمین |
| 2 | ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ٹوبہ ٹیک سنگھ | ممبر |
| 3 | چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی جنرل ٹوبہ ٹیک سنگھ | ممبر |
| 4 | ضلع کے تمام چیف آفیسرز میونسپل کمیٹیز | ممبر |
| 5 | ضلع کے تمام چیف آفیسرز تحصیل کونسلز | ممبر |
| 6 | ڈپٹی ڈائریکٹر (کالجز) آفیسر جنرل ٹوبہ ٹیک سنگھ | ممبر |
| 7 | ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر جنرل ٹوبہ ٹیک سنگھ | سیکرٹری |
| 8 | مسٹر محمد شفیق | ممبر |
| 9 | مسٹر محمد اسجد | ممبر |
| 10 | مسٹر اظہر اویس | ممبر |
| 11 | مسٹر محمد اختر حسین | ممبر |
| 12 | مسٹر محمد اسلام | ممبر |
| 13 | مس ام کلثوم | ممبر |
| 14 | مس عظمی قیوم | ممبر |
| 15 | مس انور بیگ | ممبر |
| 16 | مسٹر صفدر علی | ممبر |

(ج) سپورٹس بورڈ پنجاب کے آئین جاری شدہ 23 اپریل 1985 تبدیل شدہ 4 جون 2012 میں درج ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی کے ارکان اور فارمیشن کے تحت ڈپٹی کمشنر ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی کو نوٹیفائی کرتا ہے۔ اس لیے ارکان میں اضافہ اور

فارمیشن میں تبدیلی سپورٹس بورڈ پنجاب کے آئین میں تبدیلی سے مشروط ہے۔ جبکہ ڈپٹی کمشنر وقت اور حالات کی ضرورت کے تحت سپورٹس بورڈ پنجاب کے آئین میں درج ارکان کی فارمیشن کے تحت ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی کو دوبارہ نوٹیفائی کر سکتا ہے (سپورٹس بورڈ پنجاب کے آئین کی کاپی پر فلیگ "B" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

(تاریخ وصولی جواب 5 ستمبر 2024)

## فیصل آباد تاندلیانوالہ میں ہاکی و کرکٹ سٹیڈیم کی تعمیر و دیکھ بھال سے متعلق تفصیلات

*1799: **محترمہ قدسیہ بتول**: کیا وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) تاندلیانوالہ (ضلع فیصل آباد) میں ہاکی سٹیڈیم، کرکٹ سٹیڈیم کب تعمیر کیے اور یہ کتنے رقبہ پر مشتمل ہیں اور ان پر کتنے اخراجات ہوئے مکمل تفصیل بتائی جائے۔

(ب) کیا یہ درست ہے کہ اس وقت ان اسٹیڈیمز کی صورتحال انتہائی خراب ہے؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ ہاکی اسٹیڈیم کا زمین لیول بھی نہ ہے اور عوام کے بیٹھنے کے لیے کرسیاں بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں۔

(د) ان اسٹیڈیمز کی دیکھ بھال کیلئے کتنے ملازمین ڈیوٹی سر انجام دے رہے ہیں؟

(ہ) ڈسٹرکٹ آفیسر سپورٹس نے ان کی دیکھ بھال کیلئے یکم جنوری 2023 سے آج تک کتنی رقم خرچ کی ہر اسٹیڈیم / گراؤنڈز کی علیحدہ علیحدہ تفصیل سے آگاہ کریں؟

(و) کیا حکومت مذکورہ اسٹیڈیم کی از سر نو Revamping کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں۔

(تاریخ وصولی 16 ستمبر 2024 تاریخ ترسیل 22 اکتوبر 2024)

### جواب

### وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر

(الف) تاندلیانوالہ میں کنال کرکٹ سٹیڈیم کی تعمیر 2021 میں کی گئی جس کا رقبہ 10 ایکڑ ہے اور اس پر 74.50 ملین لاگت آئی، ہاکی سٹیڈیم تاندلیانوالہ میں کوئی بھی نہیں بنا۔

(ب) یہ درست نہیں ہے کہ کنال کرکٹ سٹیڈیم کی حالت اچھی نہ ہے۔ کنال کرکٹ سٹیڈیم بہت اچھی حالت میں ہے۔

(ج) سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کا کوئی بھی ہاکی سٹیڈیم تاندلیانوالہ میں نہیں ہے۔ تاندلیانوالہ میں تحصیل مونسپل کمیٹی کی کالونی کی گراؤنڈ ہے۔ جو کہ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کی زیر سرپرستی نہ ہے۔

(د) کنال کرکٹ سٹیڈیم میں 2 ملازمین اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔

| نمبر شمار | نام | ولدیت | عہدہ | ڈیوٹی ٹائم |
|---|---|---|---|---|
| 1 | علی رضا | ظفر محمد | چوکیدار | صبح 9 بجے تا شام 5 بجے |
| 2 | عابد حسین | دولت علی | چوکیدار | شام 5 بجے تا صبح 9 بجے |

(ہ) کنال کرکٹ سٹیڈیم پر 2023 سے آج تک ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے کوئی رقم خرچ نہیں کی گئی۔

(و) کنال کرکٹ سٹیڈیم بہترین حالت میں ہے اس لیے اس کی از سرنو ریویمپنگ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 09 دسمبر 2024)

## چکوال تلہ گنگ سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر اور بجٹ سے متعلق تفصیلات

*1944: **جناب فلک شیر اعوان:** کیا وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ تلہ گنگ سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر سال 2013 میں شروع کی گئی تھی؟

(ب) مذکورہ سپورٹس کمپلیکس کا ٹھیکہ کس کمپنی کو دیا گیا اس وقت تخمینہ لاگت کتنا تھا کتنا کام مکمل ہو چکا ہے اور کتنا بقایا ہے کیا اب بھی وہی ٹھیکیدار مذکورہ سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر کر رہا ہے۔

(ج) مالی سال 24-2023 کے بجٹ میں اس سپورٹس کمپلیکس کے لیے کتنی رقم رکھی گئی تھی۔

(د) موجودہ حکومت مذکورہ سپورٹس کمپلیکس کو کتنے عرصہ میں مکمل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(تاریخ وصولی 03 اکتوبر 2024 تاریخ ترسیل 12 نومبر 2024)

### جواب

**وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر**

(الف) یہ بات بالکل بھی درست نہیں ہے۔ جبکہ تلہ گنگ سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر سال 19-2018 میں شروع کی گئی تھی۔

(ب) سپورٹس کمپلیکس کا ٹھیکہ ایم ایس حیات علی اینڈ کو کو دیا گیا۔ اس وقت تخمینہ لاگت 73.970 ملین تھی۔ اور سپورٹس کمپلیکس کا کام 90 فیصد مکمل ہو چکا ہے اور 10 فیصد کام بقایا ہے اب بھی وہی ٹھیکدار کام کر رہا ہے۔

(ج) مالی سال 24-2023 کے بجٹ میں اس سپورٹس کمپلیکس کے لیے رقم 12.223 ملین رکھی گئی تھی۔

(د) موجودہ حکومت تلہ گنگ سپورٹس کمپلیکس کو 30-4-2025 تک مکمل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 09 دسمبر 2024)

# راجن پور پی پی 297 میں کھیلوں کے گراؤنڈ کی تعداد اور فٹ بال گراؤنڈ کی ناقص تعمیر سے متعلق تفصیلات

*1981: **جناب خضر حسین مزاری:** کیا وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) حلقہ پی پی 297 ضلع راجن پور میں کل کتنے کھیلوں کے گراؤنڈز ہیں؟

(ب) کیا ان گراؤنڈز میں تمام سہولیات میسر ہیں اگر نہیں ہیں تو کب میسر کر دی جائیں گی۔

(ج) مذکورہ حلقہ کے گراؤنڈز کی تعمیر کرنے والے ٹھیکیدار کا نام و پتہ فراہم کیا جائے اور کرکٹ گراؤنڈز اور فٹ بال گراؤنڈز کا ٹھیکہ کتنا تھا تفصیل سے آگاہ کیا جائے۔

(د) ناقص میٹریل اور نامکمل کام کرنے پر ٹھیکیدار کے خلاف کیا کارروائی عمل میں لائی گئی اس بابت تفصیل سے آگاہ کیا جائے۔

(تاریخ وصولی 07 کتوبر 2024 تاریخ ترسیل 12 نومبر 2024)

## جواب

### وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر

(الف) حلقہ پی پی 297 میں کھیل کے تین گراؤنڈز موجود ہیں۔ تفصیل درج ذیل ہے:-

1۔ فٹ بال گراؤنڈ

2۔ کرکٹ گراؤنڈ

3۔ سافٹ اینڈ گرین پلے فیلڈ عمر کوٹ

**(ب) 1۔** فٹ بال اور کرکٹ گراؤنڈ روجھان میں چار دیواری اور پویلین مکمل ہے۔

2۔ فٹ بال اور کرکٹ گراؤنڈ روجھان میں گراس نہیں لگائی گئی جس کا مین ایشو وہاں کا کڑوا پانی ہے۔ ان گراؤنڈز پر گراس لگانے کے لیے پانی کا ایک بڑا تالاب بنایا گیا تھا جو کہ نہری پانی کے ساتھ منسلک ہے۔ کرکٹ گراؤنڈ میں فلڈ لائٹ پول نسب ہیں جن پر لائٹیں نہ لگائی گئی ہیں۔ جیسے ہی پانی کا مسلہ حل ہو جاتا ہے گراس اور سپورٹس کی تمام سہولیات میسر کر دی جائیں گی۔

(ج)

| | |
|---|---|
| نام ٹھیکیدار: | ظہیر احمد |
| پتہ: | House No.11 Block No.11 FB Area Karachi |
| موبائل نمبر: | 0333-3055056 |

کرکٹ اور فٹ بال گراؤنڈ 35.349 ملین کی خطیر رقم سے تعمیر ہوئی ہے۔

(د) دونوں سکیموں پر کام مکمل ہو چکا ہے۔ استعمال شدہ مواد معیاری اور تصریحات کے مطابق ہے اور استعمال شدہ مواد کی تمام ٹیسٹ رپورٹس دستیاب ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 09 دسمبر 2024)

## جہلم: تحصیل دینہ چک اکا میں سٹیڈیم کے قیام سے متعلق تفصیلات

*2166: **سید رفعت محمود**: کیا وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع جہلم تحصیل دینہ چک اکا میں سٹیڈیم کب بنایا گیا اس پر کتنی لاگت آئی اور اب مذکورہ سٹیڈیم کی حالت کیسی ہے؟

(ب) مالی سال 23- 2022 اور 24- 2023 کے بجٹ میں مذکورہ سٹیڈیم کے لیے کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے۔

(د) مذکورہ سٹیڈیم کتنے رقبہ پر محیط ہے۔ اور یہ کس کی تحویل میں ہے مکمل تفصیل فراہم کریں۔

(ہ) کیا حکومت اسٹیڈیم کی Missing Facilities کو جلد از جلد مکمل کورانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں۔

(تاریخ وصولی 28 اکتوبر 2024 تاریخ ترسیل 29 نومبر 2024)

### جواب

### وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر

(الف) ضلع جہلم تحصیل دینہ چک اکا میں کرکٹ سٹیڈیم کی تعمیر 17 مئی 2018 کو مکمل ہوئی اور اس پر 73.370 ملین روپے لاگت آئی اور اب مذکورہ سٹیڈیم کی حالت بہت بہتر ہے۔

(ب) مالی سال 23-2022 اور 24-2023 کے بجٹ میں مذکورہ سٹیڈیم کے لیے کوئی بجٹ مختص نہیں کیا گیا۔

(ج) مذکورہ سٹیڈیم 63 کنال پر محیط ہے اور یہ محکمہ کھیل و امورِ نوجوانانِ پنجاب کی ملکیت ہے اور ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر جہلم کی تحویل میں ہے۔

(د) اس سوال کے جواب میں تحریر کیا جاتا ہے کہ کرکٹ سٹیڈیم چک اکا دینہ میں تمام تر سہولیات موجود ہیں کسی بھی چیز کی کمی نہ ہے۔ جیسا کہ سوال کی جزو (الف) میں بھی بیان کیا گیا ہے کہ سٹیڈیم کی حالت بہتر ہے اور کسی بھی قسم کی کسی چیز کی کمی یا پریشانی کا سامنا نہیں ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 10 جنوری 2025)

## لاہور: محکمہ سپورٹس کے دفاتر کی تعداد اور بجٹ سے متعلق تفصیلات

*2358: **محترمہ عظمیٰ کاردار**: کیا وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) محکمہ sport کے لاہور میں کہاں کہاں دفاتر ہیں یہ دفاتر محکمہ ہذا کی بلڈنگ میں ہیں یا باہر کسی دیگر محکمہ یا ادارہ کی بلڈنگ میں ہیں؟

(ب) محکمہ کا مالی سال 25-2024 کا بجٹ مد وائز کتنا ہے۔

(ج) لاہور میں کہاں کہاں یہ بجٹ خرچ کیا جائے گا۔ کس کس منصوبہ پر خرچ کیا جائے گا۔

(د) اس محکمہ کے لاہور میں کتنے گراونڈ سٹیڈیم وغیرہ کہاں کہاں ہیں۔

(ہ) محکمہ ھذا کے کل ملازمین کی تعداد لاہور میں عہدہ و گریڈ وائز کتنی کتنی ہے تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی یکم نومبر 2024 تاریخ ترسیل 06 دسمبر 2024)

## جواب

### وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر

(الف) محکمہ سپورٹس کے لاہور میں دفاتر کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | نام دفتر | ایڈریس دفاتر | محکمہ |
|---|---|---|---|
| 1 | ڈسٹرکٹ سپورٹس، آفس، لاہور | میاں میر سپورٹس کمپلیکس، اپر مال، لاہور | سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ز پنجاب |
| 2 | تحصیل سپورٹس آفس، تحصیل ماڈل ٹاون، لاہور | آر۔2 بلاک سپورٹس گراونڈ جوہر ٹاون، لاہور | سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ز پنجاب |
| 3 | تحصیل سپورٹس آفس، تحصیل لاہور سٹی، لاہور | لاہور سپورٹس کمپلیکس، گاوشالا نزد تھانہ شفیق آباد، لاہور رنگ روڈ لاہور | سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ز پنجاب |
| 4 | تحصیل سپورٹس آفس، تحصیل شالیمار، لاہور | کرکٹ سٹیڈیم کرول گھاٹی نزد لاہور سیالکوٹ موٹروے، رنگ روڈ لاہور | سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ز پنجاب |
| 5 | تحصیل سپورٹس آفس، تحصیل لاہور کینٹ، لاہور | کرکٹ سٹیڈیم گھونڈ، گھونڈ گاؤں، لاہور | سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ز پنجاب |
| 6 | تحصیل سپورٹس آفس، تحصیل رائیونڈ، لاہور | کرکٹ سٹیڈیم، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول آرائیاں، رائیونڈ، روڈ لاہور | سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ز پنجاب |

(ب) لاہور میں یہ بجٹ مندرجہ ذیل منصوبہ جات پر خرچ ہو گا۔

۱) اپ گریڈیشن آف پنجاب سٹیڈیم نشتر پارک لاہور۔(399.492 ملین)

۲) اپ گریڈیشن آف نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس لاہور۔(399.814 ملین)

۳) ریحیبلیٹیشن آف ملٹی پرپز سپورٹس فسیلیٹی R-2 جوہر ٹاون لاہور۔ (65 ملین)

۴) ریحیبلیٹیشن آف سپورٹس جیمنیزیم نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس لاہور۔(150 ملین)

۵) ریحیبلیٹیشن آف سویمنگ پول نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس لاہور۔(375 ملین)

۶)ریحیبلیٹیشن آف سپورٹس کمپلیکس،کنسٹرکشن آف جیمنیزیم گاؤشالالاہور۔(320 ملین)
۷)ریحیبلیٹیشن آف کرکٹ گراؤنڈنواب ٹاؤن لاہور۔(110 ملین)
۸) کنسٹرکشن آف سپورٹس کمپلیکس مراکہ لاہور۔(160 ملین)
۹)کنسٹرکشن آف سپورٹس کمپلیکس راؤنڈلاہور۔(300 ملین)
۱۰)کنسٹرکشن آف سپورٹس کمپلیکس جوڈیشل کالونی لاہور۔(160 ملین)
۱۱)کنسٹرکشن آف سپورٹس کمپلیکس گوپی رائے لاہور۔(120 ملین)
۱۲)کنسٹرکشن آف سپورٹس کمپلیکس ان نیازبیگ ایریالاہور۔(268 ملین)
۱۳)کنسٹرکشن آف سپورٹس کمپلیکس کاہنہ لاہور۔(275 ملین)
۱۴) اسٹیبلشمنٹ آف سپورٹس اکیڈمی لاہور۔(800 ملین)
.۱۵) پرویزن آف سپورٹس فیسلیٹیز گورنمنٹ پائلٹ ہائی سکول وحدت روڈلاہور۔(20 ملین)
۱۶)روف واٹر لیکیج ان سپورٹس فیسلیٹیز نشترپارک سپورٹس کمپلیکس لاہور۔(50 ملین)
۱۷)کنسٹرکشن آف کرکٹ پریکٹس پچز نشترپارک لاہور۔(20 ملین)
۱۸)کنسٹرکشن آف سپورٹس کمپلیکس آہلولاہور۔(50 ملین)
۱۹)کنسٹرکشن آف ان ڈوروالی بال کمپلیکس لاہور۔(450 ملین)
۲۰) پرویزن آف آرٹیکل ایٹ ایلیٹ ٹرینگ سنٹر نشترپارک سپورٹس کمپلیکس لاہور۔(25 ملین)
۲۱) کمپلیشن آف انٹرنیشنل سکوائش کمپلیکس نشترپارک سپورٹس کمپلیکس فیز-۲لاہور۔(500 ملین)

(ج) محکمہ سپورٹس ضلع لاہور کا سال 25-2024 کا بجٹ مدوائزدرج ذیل ہے:-

| نمبر شمار | مدوائز تفصیل بجٹ | بجٹ جاری شدہ25-2024 |
|---|---|---|
| 1 | تنخواہ افسران وملازمین | 25،664،000 |
| 2 | بجلی | 1،054،000 |
| 3 | پی اوایل جنزیٹر | 20،000 |
| 4 | سفری الاونس | 60،000 |
| 5 | پی اوایل دفتری سواری | 105،240 |
| 6 | سٹیشنری | 35،000 |
| 7 | پرنٹنگ اور اشاعت | 10،000 |
| 8 | نمائش میلہ اور دیگر قومی تقریبات | 1،590،390 |

| | | |
|---|---|---|
| 9 | کمپیوٹر سٹیشنری | 5،000 |
| 10 | دیگر (کھیل کی سرگرمیاں) | 2،659،610 |
| 11 | ہارڈویئر | 30،000 |
| 12 | پلانٹ اور مشینری کی خریداری | 70،000 |
| 13 | فرنیچر اور فکسچر کی خریداری | 50،000 |
| 14 | ہارڈویئر (مرمت) | 10،000 |
| 15 | آئی ٹی آلات (مرمت) | 10،000 |
| | **ٹوٹل:** | **31،373،435** |

(د) محکمہ ڈسٹرکٹ سپورٹس آفس لاہور کے گراؤنڈز وغیرہ کی تفصیل درج ذیل ہے:-

| **نمبر شمار** | **نام گراؤنڈ وغیرہ** | **پتہ گراؤنڈ وغیرہ** |
|---|---|---|
| 1 | دبئی سپورٹس کمپلیکس سید مٹھا بازار اندرون شہر لاہور | سید میٹھا بازار، اندرون شہر لاہور |
| 2 | میاں میر سپورٹس کمپلیکس، اپر مال لاہور | آنند روڈ نزد ضلع ناظم (میئر ہاوس) اپر مال لاہور۔ |
| 3 | ملٹی پرپز سپورٹس گراؤنڈ پڑھانہ، لاہور | پڑھانہ گاؤں، لاہور |
| 4 | سیون سائیڈ فٹ بال گراؤنڈ روڑا گاؤں، لاہور | روڑا گاؤں، لاہور |
| 5 | ملٹی پرپز سپورٹس گراؤنڈ کوہریاں گاؤں، لاہور | کوہریاں گاؤں لاہور |
| 6 | ملٹی پرپز سپورٹس گراؤنڈ منہالہ گاؤں، لاہور | منہالہ گاؤں لاہور |
| 7 | ملٹی پرپز سپورٹس گراؤنڈ منظور کالونی تاج باغ، لاہور | منظور کالونی، تاج باغ، لاہور |
| 8 | ملٹی پرپز سپورٹس گراؤنڈ، آر۔2 بلاک جوہر ٹاون، لاہور | آر-2 بلاک جوہر ٹاون، لاہور |
| 9 | کرکٹ گراؤنڈ نواب ٹاون، رائیونڈ روڈ لاہور۔ | نواب ٹاون، رائیونڈ روڈ لاہور |
| 10 | ملٹی پرپز سپورٹس گراؤنڈ، ہلو کی گاؤں، لاہور | ہلو کی گاؤں، لاہور |
| 11 | سیون اے سائیڈ ہاکی فلڈ لائٹ سٹیڈیم، گورنمنٹ شہدائے اے پی ایس ماڈل ہائی سکول، ماڈل ٹاون، لاہور۔ | گورنمنٹ شہدائے اے پی ایس ماڈل ہائی سکول، ماڈل ٹاون لاہور۔ |
| 12 | کرکٹ سٹیڈیم آشیانہ قائد ہاؤسنگ سکیم، کماہاں روڈ نزد رنگ روڈ، لاہور | آشیانہ قائد ہاوسنگ سکیم، کماہاں روڈ نزد رنگ روڈ، لاہور |
| 13 | کرکٹ سٹیڈیم جیا بگا، لاہور | نزد ریلوے کراسنگ جیا بگا گاؤں، رائیونڈ روڈ لاہور |

(ہ) محکمہ ڈسٹرکٹ سپورٹس آفس کے کل ملازمین کی تعداد لاہور میں عہدہ و گریڈ وائز کی تفصیل درج ذیل ہے:-

| **نمبر شمار** | **ملازمین کا عہدہ و گریڈ** | **BS** | **کل تعداد** |
|---|---|---|---|
| 1 | ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر | 17 | 01 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | تحصیل سپورٹس آفیسر | 16 | 05 |
| 3 | اسسٹنٹ | 16 | 01 |
| 4 | جونئیر کلرک | 11 | 07 |
| 5 | نائب قاصد | 01 | 02 |
| 6 | چوکیدار | 01 | 07 |
| 7 | بیلدار | 01 | 01 |
| 8 | سوئپر | 01 | 05 |
| **ٹوٹل:** | | | **29** |

(تاریخ وصولی جواب 10 جنوری 2025)

## میانوالی تحصیل عیسیٰ خیل کی یونین کونسل 13-8 میں سپورٹس گراؤنڈ نہ ہونے سے متعلق تفصیلات

***2367: جناب محمد اقبال:** کیا وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) تحصیل عیسی خیل ضلع میانوالی میں کتنے سپورٹس گراؤنڈ کہاں کہاں اور کتنے رقبے پر مشتمل ہیں اور میسر سہولیات سے تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(ب) تحصیل عیسیٰ خیل میں 2020 سے 2024 تک ان گراؤنڈ پر کتنے مقابلے ہوئے ہیں اور کل کتنی رقم ان پر خرچ ہوئی ہے تفصیل سے آگاہ کیا جائے۔

(ج) کیا یہ درست ہے کہ عیسیٰ خیل کی یونین کونسل نمبر 13-8 میں ایک بھی گراؤنڈ موجود نہیں ہے اگر جواب ہاں میں ہے تو کیا حکومت ان یونین کونسل میں سپورٹس گراؤنڈ بنانے کا ارادہ رکھتی ہے اس بابت تفصیل سے آگاہ کیا جائے۔

(تاریخ وصولی 15 نومبر 2024 تاریخ ترسیل 13 دسمبر 2024)

## جواب

### وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر

(الف) پرائیویٹ گراؤنڈز کے علاوہ محکمہ سپورٹس کا ایک کرکٹ گراؤنڈ قمر مشانی میں موجود ہے جو 22 کنال رقبے پر مشتمل ہے جبکہ دو سافٹ گراؤنڈ موجود ہیں ایک ترک شریف میں 24 کنال 3 مرلہ رقبے پر مشتمل ہے جبکہ جلال پور میں ہے 8 کنال رقبے پر مشتمل ہے۔ دونوں سافٹ گراؤنڈ علاقے کے لوگوں کی کمیٹی بنا کر ان کے حوالے کر دیئے گئے ہیں۔

(ب) تحصیل عیٰسی خیل میں 2020 سے 2024 تک جو رقم خرچ ہوئی ان کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) یونین کونسل 13-8 تحصیل عیٰسی خیل میں محکمہ سپورٹس کا کوئی بھی گراؤنڈ نہیں ہے۔ حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق ہی ان علاقوں / یونین کونسلز میں گراؤنڈز بنائے جاتے ہیں۔ جیسے ہی دوسرے اضلاع کے لئے حکومت پنجاب کی پالیسی

آتی ہے کہ یونین کونسل لیول پر بھی نئے گراؤنڈز بنائے جائیں تو یونین کونسل 13-8 میں بھی نئے گراؤنڈز بنانے کی تجویز دی جاسکتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 10 جنوری 2025)

## میانوالی تحصیل عیسیٰ خیل میں ای لائبریری بنانے سے متعلق تفصیلات

*2368: **جناب محمد اقبال:** کیا وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا حکومت عیسی خیل تحصیل میں کوئی ای لائبریری بنانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو تفصیل سے وجہ بتائی جائے۔

(ب) میانوالی میں کل کتنے فنڈز ان ای لائبریز کو دیئے گئے ہیں تفصیل مہیا کی جائے۔

(تاریخ وصولی 15 نومبر 2024 تاریخ ترسیل 13 دسمبر 2024)

## جواب

### وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر

(الف) صوبہ پنجاب میں دوسرے 19 اضلاع کی طرح ضلع میانوالی میں بھی ضلعی لیول پر ای لائبریری بنائی گئی ہے۔ جیسے ہی گورنمنٹ آف پنجاب کی تحصیل لیول پر ای لائبریری بنانے کی پالیسی آتی ہے تو تحصیل عیٰسی خیل میں بھی ای لائبریری بنانے کی کوشش کی جاسکتی ہے۔

(ب) ای لائبریری ضلع میانوالی میں انٹرنیٹ و بجلی کے بلز اور ملازمین کی تنخواہوں کی مد میں جو فنڈز مہیا کیے گئے ہیں۔ ان کی تفصیل درج ذیل ہے:-

| نمبر شمار | مالی سال | عارضی ملازمین کی تنخواہ | بجلی کے بل | انٹرنیٹ بل | کل رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | 21-2020 | 832500/- | 162635/- | 158634/- | 1153769/- |
| 2. | 22-2021 | 431600/- | 360980/- | 141008/- | 9933546/- |
| 3. | 23-2022 | 1176187/- | 201889/- | 229142/- | 1607218/- |
| 4. | 24-2023 | 1330918/- | 294229/- | 229146/- | 1854293/- |
| 5. | 25-2024 | 237975/- | 70323/- | 969458/- | 1277756/- |
| ٹوٹل رقم | | | | | 15826581/- |

(تاریخ وصولی جواب 10 جنوری 2025)

## ٹوبہ ٹیک سنگھ تحصیل گوجرہ میں سپورٹس، سٹیڈیم اور گراؤنڈ اور سٹاف سے متعلق تفصیلات

*2376: **جناب اسد زمان:** کیا وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) گوجرہ میں اس وقت کتنے سپورٹس سٹیڈیم اور گراؤنڈز موجود ہیں؟

(ب) ان اسٹیڈیمز میں کون کون سی کھیلوں کی سہولیات موجود ہیں تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(ج) تحصیل گوجرہ میں محکمہ کے کتنے دفاتر موجود ہیں، دفاتر، سٹیڈیمز اور فیلڈ میں کتنا عملہ تعینات ہے، نام، عہدہ اور تعلیمی قابلیت کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(د) حکومت گوجرہ میں کھیلوں اور خاص طور پر ہاکی کے کھیل میں بہتری کے لئے کیا اقدامات اٹھا رہی ہے تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 15 نومبر 2024 تاریخ ترسیل 13 دسمبر 2024)

## جواب

**وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز**

(الف) تحصیل گوجرہ میں سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کی واحد سپورٹس سہولت "آسٹروٹرف ہاکی سٹیڈیم گوجرہ" موجود ہے۔

(ب) آسٹروٹرف ہاکی سٹیڈیم گوجرہ میں صرف ہاکی کھیلی جاتی ہے۔

(ج) تحصیل گوجرہ میں تحصیل سپورٹس آفس، گوجرہ" آسٹروٹرف ہاکی سٹیڈیم گوجرہ میں واقع ہے تحصیل سپورٹس آفس گوجرہ اور آسٹروٹرف ہاکی سٹیڈیم گوجرہ میں تعینات ملازمین کی تفصیل درج ہے:-

| نمبر شمار | نام | عہدہ | تعلیمی قابلیت |
|---|---|---|---|
| 1 | شرجیل احمد | تحصیل سپورٹس آفیسر، گوجرہ | ایم ایس سی (سپورٹس) |
| 2 | اصغر علی | جونیئر کلرک | بی اے |
| 3 | طارق ندیم | سُپروائزر | ایف اے |
| 4 | عبدالرحمان | بیلدار (پرمانینٹ ورک مین) | ایف ایس سی |
| 5 | علی رضا | بیلدار (پرمانینٹ ورک مین) | میٹرک |
| 6 | سنی | بیلدار (پرمانینٹ ورک مین) | پرائمری |
| 7 | محمد عاصم | چوکیدار (پرمانینٹ ورک مین) | مڈل |
| 8 | آصف مسیح | چوکیدار (پرمانینٹ ورک مین) | میٹرک |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 9 | سہیل عباس | چوکیدار (پرمانینٹ ورک مین) | مڈل |
| 10 | حافظ محمد آصف | نائب قاصد (پرمانینٹ ورک مین) | مڈل |

(د) 1۔ محکمہ سپورٹس پنجاب ہاکی کی بہتری کے لیے ہاکی کیمپ سکول لیول اور ڈیپارٹمنٹل ٹورنامنٹس آرگنائز کرتا رہتا ہے۔

2۔ بوائز اور گرلز کے ٹورنامنٹس کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے۔

3۔ ہاکی سٹیڈیم گوجرہ میں تقریباً200 کھلاڑی پریکٹس کرتے ہیں جن میں کم وبیش 50 نیشنل لیول کے کھلاڑی بھی شامل ہیں۔

4۔ ہاکی سٹیڈیم گوجرہ میں نرسری سے لے کر نیشنل لیول تک کے کھلاڑیوں کو کھیلوں کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔

5۔ حال ہی میں منعقد کھیلتا پنجاب 2024 سپورٹس گیمز میں گوجرہ کی بوائز اور گرلز کی ٹیموں نے فیصل آباد ڈویژن میں اول پوزیشن حاصل کی اور پنجاب لیول کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 10 جنوری 2025)

## چنیوٹ میں کھیلوں کے گراؤنڈز اور سٹیڈیم سے متعلق تفصیلات

*2380: **جناب محمد الیاس**: کیا وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع چنیوٹ کی تینوں تحصیلوں 1 اچنیوٹ 2۔ لالیاں اور 3۔ بھوانہ میں ہاکی، فٹ بال، کرکٹ اور دیگر کھیلوں کے کتنے کتنے گراونڈ، سٹیڈیم موجود ہیں تحصیل وار تفصیل فراہم کی جائے نوجوانوں کی آبادی کے مطابق کتنے نئے اسٹیڈیم درکار ہیں؟

(ب) کیا چنیوٹ شہر میں ان ڈور گیمز کے لئے سال 25-2024 کے بجٹ میں کوئی رقم مختص کی گئی ہے تو وہ کتنی ہے۔

(ج) کیا ان ڈور گیمز کے کے لئے کوئی زمین مختص کی گئی ہے تو وہ کتنی ہے اور کس جگہ واقع ہے کیا زمین مختص کرنے میں کوئی رکاوٹ ہے اور رکاوٹ دور کرنے کے لئے کس حد تک کوشش کی جارہی۔

(د) ان ڈور گیمز سٹیڈیم کی تعمیر کب تک شروع کر دی جائے گی۔

(ہ) جتنے کھیل کے گراؤنڈ اور اسٹیڈیم ہیں وہاں کون کونسے افسران متعین ہیں ان کے نام اور عہدے بتائے جائیں کتنی سیٹیں خالی ہیں اور خالی سیٹیں کب تک پر کر دی جائیں گی۔

(تاریخ وصولی 15 نومبر 2024 تاریخ ترسیل 18 دسمبر 2024)

### جواب

**وزیر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر**

(الف) ضلع چنیوٹ میں درج ذیل سپورٹس گراؤنڈ موجود ہیں:-

**تحصیل چنیوٹ:**

چک نمبر 130 ج ب تحصیل چنیوٹ میں فٹ بال سافٹ پلے گراؤنڈ موجود ہے۔

چک نمبر 132 ج ب تحصیل چنیوٹ میں کرکٹ سافٹ پلے گراؤنڈ موجود ہے۔

تحصیل چنیوٹ میں ہاکی سٹیڈیم سیٹلائٹ ٹاؤن میں موجود ہے (ملکیت میونسپل کمیٹی چنیوٹ)۔

چنیوٹ میں فٹ بال جھمرہ روڈ نزد غلہ منڈی چنیوٹ سٹیڈیم ہے (ملکیت ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ)۔

چنیوٹ میں کرکٹ گراؤنڈ گورنمنٹ اسلامیہ کالج میں واقع ہے (ملکیت ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ)۔

**تحصیل لالیاں:**

تحصیل لالیاں میں کوئی بھی گراؤنڈ موجود نہ ہے۔

**تحصیل بھوانہ:**

تحصیل بھوانہ میں تحصیل سپورٹس کمپلیکس موجود ہے۔ جس میں فٹ بال، کرکٹ کے گراؤنڈز موجود ہیں۔

چک نمبر 466 ج ب تحصیل بھوانہ میں فٹ بال سافٹ گراؤنڈ موجود ہے۔

چک نمبر 191 ج ب تحصیل بھوانہ میں فٹ بال سافٹ گراؤنڈ موجود ہے۔

چک نمبر 195 ج ب تحصیل بھوانہ میں کرکٹ سافٹ پلے گراؤنڈ موجود ہے۔

2023 کی مردم شماری کے مطابق ضلع چنیوٹ کی کل آبادی 1،563،024 ہے جس میں تقریباً (421،777) آبادی نوجوانوں کی ہے۔ نوجوانوں کی آبادی کے مطابق تینوں تحصیلوں میں ایک ایک انڈور اور آؤٹ ڈور اسٹیڈیم ہونا ضروری ہے۔

(ب) تحصیل چنیوٹ شہر میں ان ڈور گیمز کے لیے نئے سال 25-2024 میں 120 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں۔

(ج) چنیوٹ میں انڈور گیمز کے لیے جیمنیزیم کے لیے 4 کنال جگہ مختص کی گئی ہے۔ انڈور گیمز جیمنیزیم جھمرہ روڈ غلہ منڈی چنیوٹ پر واقع ہے۔ زمین مختص کرنے میں کوئی بھی رکاوٹ نہیں ہوئی ہے۔

(د) چنیوٹ میں انڈور گیمز کے لیے جیمنیزیم کا کام 2024-11-22 سے جاری ہے۔

(ہ) 1۔ ہاکی سٹیڈیم (ایم سی) میں ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر چنیوٹ میڈیم رابعہ رشی۔

2۔ ہاکی سٹیڈیم (ایم سی) میں تحصیل سپورٹس آفیسر چنیوٹ محمد انیس الرحمٰن۔

3۔ تحصیل سپورٹس کمپلیکس بھوانہ میں تحصیل سپورٹس آفیسر بھوانہ مزمل عباس۔

4۔ تحصیل سپورٹس آفیسر لالیاں زوہیب حسن۔

5۔ چنیوٹ میں کوئی بھی سیٹ خالی نہ ہے تمام سیٹیں پُر ہو گئی ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 10 جنوری 2025)

لاہور

مورخہ 14 جنوری 2025

چودھری عامر حبیب

سیکرٹری جنرل